جملہ حقوق محفوظ

سرگذشت مرد خسیس

مترجمہ

مرزا جعفر قراجہ داغی

بہ اضافۂ

تمہید۔ مقدمہ و حلِ لغات

از

جناب قاضی فضل حق صاحب ایم اے۔ منشی فاضل۔ ایم۔ آر۔ اے۔ ایس (لنڈن)
لکچرار گورنمنٹ کالج و پنجاب یونیورسٹی لاہور

۱۹۲۵ء

بفرمائش شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

(قیمت فی جلد ۱۲؍) (طبع سوم ۱۰۰۰)

از دیباچہ طبع اوّل

بیا تا گل برافشانیم و مے در ساغر اندازیم
فلک را سقف بشگافیم و طرح نو در اندازیم

یہ عام شکایت ہے۔ کہ فارسی زبان میں ایسی کتابیں بہت کم ہیں۔ جن کی زبان دلچسپ اور مضمون پسند ہو۔ اور جو تفنّن طبع کے لئے مفید ہو سکیں درسی کتابیں مشکل ترکیبوں۔ مغلق الفاظ اور پیچ در پیچ فقرات کی بھرمار کی وجہ سے یہ غرض پوری نہیں کر سکتیں۔ کالجوں اور مدرسوں کے طالب علم سوائے مروجہ نصابوں کے (جو انہیں امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے خواہ مخواہ پڑھنے ہی پڑتے ہیں) دوسری کتابوں کو ہاتھ تک نہیں لگاتے۔ اس لئے ایسی کتابوں کی بہت ضرورت ہے جو دلچسپ اور آسان زبان میں لکھی ہوئی ہوں۔ تاکہ طالب علم دماغ پر زیادہ زور ڈالے بغیر فارسی زبان میں مہارت حاصل کر سکیں +

علاوہ ازیں ایران کی جدید زبان تکلمی، کتابی زبان سے بہت مختلف ہے۔ اور اہل زبان کتابی فارسی دان کی زبان سنکر ہنسی اُڑاتے ہیں۔ کیونکہ جو فارسی ہم ہندوستان میں پڑھتے پڑھاتے ہیں وہ قریباً آٹھ نو سو سال پہلے کی زبان ہے اور آج تک خصوصاً گذشتہ ایک صدی سے، اس میں بہت تبدیلیاں

M.A.LIBRARY, A.M.U.
PE2350
۶۸۶

مقدمۂ ناشر

فنِ تمثیل

تعریف:- تمثیل کے لغوی معنی "صورت بستن پیکر کسے را بہ نگاشتن وجز آں"[۱] اور اصطلاح میں اس فن کا نام ہے جس میں کسی حکایت یا واقعۂ تاریخی کے افراد متعلقہ کے لباس، طرزِ کلام اور لہجہ کی بذریعہ اشخاص ہوبہو نقل اُتاری جائے۔ ایسے اشخاص کو ممثل کہتے ہیں۔

اس فن کو تقلید بھی کہتے ہیں۔ مولانا غنیمتؒ مقلدوں کی ایک جماعت کے متعلق یوں حوالۂ قلم فرماتے ہیں:-[۲]

بہ فنِ خویشتن استاد ہر یک | گہے مرد و گہے زن گاہ طفلک
گہے سناسیان مو پریشاں | گہے اسلامیاں اہلِ ایماں
گہے در غربت و گاہے بہ شنگی | گہے کشمیری و گاہے فرنگی
گہے دہقان زن و گہ پیر دہقاں | گہے گبر مشش نامسلماں
گہے رنگ باز زن نوزادہ بر رو | بدست دایہ گریاں زادہ او

۱؎ منتہی الارب جلد چہارم۔
۲؎ نیرنگ عشق مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۲۰-۲۱

بہر رنگے کہ گوئی عشوہ بازند   زہر قومے کہ خواہی جادہ سازند

فن تمثیل کا آغاز یقینی طور پر یہ کہنا کہ اس فن کا رواج ارتقائے تمدن کے کس درجہ میں اور کب ہوا بہت مشکل ہے لیکن چونکہ اس فن کی غرض اُولے (کم از کم اس کے ابتدائی مدارج میں) لہو و لعب اور تفنن طبع ہے - اور لہو و لعب کی طرف میلان قدرتاً طبیعت انسانی میں پایا جاتا ہے - اس لئے یہ فن کسی نہ کسی حالت میں قریباً ہر قوم اور اس کے ارتقا کے ہر ایک زمانہ میں موجود رہا ہے - اور اس فن کی ترقی تہذیب قوم کی ترقی کے ہمدوش رہی ہے - الّا اس صورت میں کہ مذہب یا حکومت (جو تغیّر رسوم و رواج کے سب سے بڑے باعث ہوتے ہیں) اس کی ترقی کے مانع نہ ہوئے ہوں +

تمثیل و اقوام آریہ آریہ نسل کی قوموں نے اس فن کو ہمیشہ سے اپنی مذہبی قومی اور ملّی ہستی کا ایک لازمہ قرار دے رکھا ہے - بلکہ یہاں تک کہ مذہبی و ملّی روائیتوں کے تحفظ، جذبات حب قومی کے ہیجان، اور رسوم و رواج و اخلاق و تمدّن کی اصلاح میں اس فن کی مدد سے اُنھوں نے معتدبہ کام لئے ہیں +

تمثیل اور اہل فرنگ اہل فرنگ جو آج تہذیب و تمدّن کی علم برداری کے مدعی ہیں، نے اسے فنون لطیفہ میں شمار کیا - اور اس قدر رواج دیا ہے کہ وہ ان کی حیات ملّی میں ایک جزو لاینفک ہو گیا ہے +

تمثیل و اقوام سامیہ لیکن سامی قوموں نے کبھی اس فن کی پرورش اور ترقی میں [illegible] نہیں کیا ۱

ان کے ہاں اپنی قدرتی اور ابتدائی حالت سے زیادہ ترقی نہیں کر سکا ان قوموں کی تاریخ اور ان کا علم ادب اس فن کے ذکر سے بالکل خالی ہے۔

تمثیل اور اہل عرب عربوں کے وسیع علم ادب سے بھی یہ نہیں معلوم ہو سکتا۔ کہ کسی زمانہ میں یہ فن سوائے ابتدائی حالت کے ان کے ہاں مروج رہا ہو۔

تمثیل و اسلام لیکن اسلام کے بعد اگر اس فن سے اہل عرب نے بے اعتنائی کی تو اس کی وجہ صاف اور صریح ہے۔ مسلمان مذہب کو اپنی قومیت سے جدا نہیں سمجھتے۔ اور ان کا تمدن ان کے مذہب سے علیحدہ نہیں۔ ان کی زندگی کے ہر ایک شعبہ میں مذہب ہی کا رنگ غالب ہے۔ اس لئے ان کا تدین بہت حد تک اس فن کی ترقی میں سدّ راہ رہا۔

چونکہ ایک پکا مسلمان لہو و لعب کو لغو سمجھتا ہے۔ اور "و اذا مرّوا باللغو مرّوا کراما" کے مفہوم کے مطابق اسے خلاف عبودیت رحمٰن ماننے پر مجبور ہے۔ اس لئے وہ اس قسم کے رواج سے سخت متنفر ہے۔ مزید براں ایک حدیث نبوی کا مفاد یہ ہے کہ "مردوں کے سوانگ بھرنے والی عورتیں۔ اور عورتوں کا سوانگ بھرنے والے مرد دونوں لعنتی ہیں" [1] اس لئے کچھ تعجب نہیں اگر ان کا بیشتہ ادب بھی اس نقص سے بالکل خالی ہو۔

---

[1] لعن اللّٰہ المتشبھین من الرجال بالنساء والمتشبہات من النساء بالرجال (مشکوٰۃ المصابیح۔ باب الترجل صفحہ ۳۸۲)۔

تمثیل و اہل ایران — اہل ایران جو اسلام قبول کرنے کے بعد خوشہ چین تہذیب عرب تھے اسی رنگ میں رنگے گئے۔ اور انہوں نے بھی اپنے استادوں (اہل عرب) کا اقتدا کیا۔

یہ بتلانا مشکل ہے کہ اسلام سے پہلے ایران میں اس کا رواج تھا یا نہیں۔ اور اگر تھا تو کس حد تک کیونکہ مسلمانوں سے پہلے کا فارسی علم ادب قریباً معدوم ہے۔ اور جو کچھ موجود ہے وہ اس بارے میں بالکل ساکت ہے۔

تاہم یہ فن حالت "طفولیت" میں اب بھی وہاں موجود ہے۔ اور اس کو دو قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:۔

(۱) تمثیل انفرادی۔
(۲) تمثیل مجلسی۔

تمثیل انفرادی — اس میں صرف ایک ہی شخص کسی خاص واقعہ یا حکایت کو (خواہ نثر میں ہو یا نظم میں) اس طریق پر نقل کر کے بیان کرتا ہے گویا اصلی افراد قصہ کی روح اس کے جسم میں حلول کر گئی ہے۔ اور وہ خود آپ بیتی بیان کر رہا ہے۔

مولانا آزاد مرحوم ایک ایسے "ممثل" کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتے ہیں[1]:۔

۱؎ سخندان پارس صفحہ ۱۵۱۔

"ایران کے بازاروں میں اور اکثر قہوہ خانوں میں ایک شخص نظر آئے گا۔ کہ سرو قد کھڑا داستان کہہ رہا ہے اور لوگوں کا انبوہ اپنے ذوق شوق میں مست اسے گھیرے ہوئے ہے۔ وہ ہر مطلب کو نہائیت فصاحت کے ساتھ نظم ونثر سے مرصع کرتا ہے اور صورت ماجرا کو اس تاثیر سے ادا کرتا ہے کہ سماں باندھ دیتا ہے۔ کبھی ہتھیار بھی سجائے ہوتا ہے۔ جنگ کے معرکے یا غصّہ کے موقعہ پر شیر کی طرح بپھر کھڑا ہوتا ہے۔ خوشی کی جگہ اس طرح گاتا ہے کہ سننے والے وجد کرتے ہیں۔ غرضیکہ غیظ وغضب، عیش وطرب یا غم والم کی تصویر فقط اپنے کلام سے ہی نہیں کھینچتا۔ بلکہ خود اس کی تصویر بن جاتا ہے۔ اسے حقیقت میں بڑا صاحب کمال سمجھنا چاہئیے کیونکہ اکیلا آدمی ان مختلف کاموں کو پورا پورا ادا کرتا ہے جو کہ تھئیٹر میں ایک سنگت کر سکتی ہے۔"

ایسے ممثلوں کو "قصہ خوان" کہتے ہیں۔

سرجان مالکم صاحب اپنی تاریخ ایران میں فرماتے ہیں[۱]:۔

"از اسباب واوضاع سلطنت ایران یکے قصہ خوان است کہ آں را نقال شاہ گویند۔ صاحب ایں منصب شخصے باخبر از تواریخ ومستحضر از اخبار واشعار نوادر ونکات وقبیقہ باب ونکتہ سنج باید۔ ایرانیاں اسباب تماشا بسیار دارند لیکن بلغے

---

[۱] ترجمہ مرزا حیرت جلد دوم صفحہ ۱۵ – ۱۶۔

"تقلید در فرنگستان رسم است ندارند۔ مگر قصہ خوانان ایشان کہ شخص واحد در حین تقریر حکایاتِ مجلس[1] بالتمام ہستند از تبدیل حرکات و تغیر آواز بمقتضائے حالت اشخاص مختلفہ در حالات عدیدہ مثل غضب و حلم و عقل و عشق و سرور و غم و سلطنت و گدائی امارت و چاکری فرمانبرداری و فرمانروائی در ہر شخص واحد دیدہ مے شود" ۔

یہ قصہ خوان خاص طور پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ اور نسلاً بعد نسل ان کا پیشہ یہی ہوتا ہے۔ بیاہ شادی، ختنہ اور دیگر تقریبات مسرت میں ان کا وجود لازمی شمار ہوتا ہے ۔

یہ قصے عموماً نثر و نظم دونوں میں ہوتے ہیں۔ نثر کا حصہ تحت اللفظ میں تمثیلی طرز میں ادا کیا جاتا ہے اور نظم کو مزامیر کے ساتھ گا کر سناتے ہیں۔ زبان اکثر سوقی ہوتی ہے۔ انہیں ہمارے ہاں کے "ڈھاڑیاں"[2] یا واریں گانے والے مراثیوں کا جیبوروں کا بدل سمجھو ۔

بعض قصہ خوان کسی خاص قصہ کے ادا کرنے میں ماہر ہوتے ہیں مثلاً "شاہنامہ خوان"، "کوراوغلی خوان"[3] ۔

"روضہ خوان" جیسے ہندوستان میں مرثیہ خوان یا سوز خوان

---

[1] لیپتی ۔

[2] مثلاً "نادر شاہ دی پوڑھی"، "چٹھیاں دی"، "دُلّے بھٹی دی وار" اور "جمیل فنا دی وار" وغیرہ ۔

[3] کوراوغلی ایک ڈاکو کا نام تھا۔ جس کے کارنامے قصہ خوان لوگوں کو سناتے پھرتے ہیں ۔

کہتے ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک مذہبی کڑی ہے۔ اس کا کام یہ ہوتا ہے۔ کہ ایام محرم میں واقعات شہادت امام مظلوم کو اسی تمثیلی رنگ میں پڑھکر سامعین کو مصروف نوحہ و بکا رکھتے ہیں +

تمثیل مجلسی } اس میں ایک سنگت یا جماعت افراد قصہ کی نقل اُتار کر قصے کو سامعین کے سامنے بیان کرتی ہے۔ اسے تماشاچی، یا عاشق یا لوطی[1] کہتے ہیں۔ اس سنگت میں بہت سے نقال ہوتے ہیں۔ جو گاؤں گاؤں دورہ کرتے رہتے ہیں۔ مزامیر کے ساتھ گاتے بھی ہیں۔ مداری۔ بازیگر میموں باز۔ خرس باز کبھی اجزاء مجلسی ہوتے ہیں۔ جو اثنائے نقل میں اپنے اور اپنے جانوروں کے کرتب و کھلاتے ہیں +

تعزیہ } ملک ایران میں ایام ماہ محرم میں جو امام معصوم و دیگر اہل بیت کی شہادت کے واقعہ ہائلہ کی یاد تازہ کرنے اور واقعہ کربلا کو زیادہ موثر طور پر بیان کرنے کے لئے مجالس تعزیہ یا با الفاظ دیگر تماشائے تعزیہ کا عام رواج ہے یہ بھی مذہبی تمثیل (مصائبیہ) کا قائم مقام ہے۔ لیکن اس میں کوئی مستقل تمثیل گاہ نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی پردے اور منظر ہوتے ہیں۔ بلکہ ایک وسیع میدان کے وسط میں تیس چالیس گز مربع چھ فٹ بلند چبوترہ (جسے دسکو کہتے ہیں) بنایا جاتا ہے۔ اس کے گرد اگرد دس فٹ چوڑا راستہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ مقلدین

---

[1] ایران کے جدید محاورے میں رند۔ بیباک۔ اوباش۔ بازاری اور گنڈے کے معنوں میں مستعمل ہوتا ہے +

[2] ٹریجڈی [3] سٹیج [4] سین +

جو اس میں حصّہ لینے والے ہوتے ہیں اپنی نقل و حرکت بخوبی کر سکیں +
رستے کے چاروں طرف عورتوں اور مردوں کی نشست کے لئے
(جو تعزیہ کی رات کو جوق در جوق آجاتے ہیں) علیحدہ علیحدہ مضبوط
رسّوں کے حلقے بنائے جاتے ہیں اور ان میں جانے کے لئے رستے بھی
الگ الگ ہوتے ہیں +

جب سب لوگ آچکتے ہیں تو ایک توپ داغی جاتی ہے۔
جس سے تماشہ کے آغاز کا اعلان ہو جاتا ہے۔ اس میں سب
سے اوّل سقوں کی ٹولی آتی ہے۔ یہ لوگ پانی سے بھری مشکیں اٹھائے
اپنے اپنے کرتب دکھاتے ہوتے "دریا دلب تشنہ کربلا" کے نعرے لگاتے
ہوئے جاتے ہیں۔ یہ نظارہ امام شہید کی تشنگی کے دلخراش واقعہ کی اس
طرح یاد دلاتا ہے کہ اس سے حاضرین کے نوحہ و بکا، جوش و خروش
کی انتہا نہیں رہتی۔ "ہائے حسین وائے حسین" کے نعروں اور سینہ کوبی
کی آواز سے آسمان گونج اٹھتا ہے۔ پھر تعزیے کے افراد (جن میں
رسالت مآب۔ دیگر انبیائے عظام۔ ملائکہ۔ اہل بیت۔ نبوی۔ معاویہ
یزید۔ شمر وغیرہ کے ممثل ہوتے ہیں) داخل ہوتے ہیں۔ پیغمبروں۔ فرشتوں اور
مستورات کے ممثل ہمیشہ نقاب پوش ہوتے ہیں۔ شمر و یزید کے سوانگ
حاضرین کی لعنت و نفرت کے مرکز ہوتے ہیں۔ چاروں طرف سے ان پہ
عملی نفرت کا اظہار بھی کیا جاتا ہے۔ جس سے اکثر ان ممثلوں کی جان
کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ اس لئے اس کام کے واسطے قید خانے سے مجرم
انتخاب کئے جاتے ہیں۔ سب ممثل مناسب حال لباس و اسلحہ میں سجے
ایک ہی جگہ سکو پہ بیٹھے یا کھڑے ہوتے ہیں۔ اثنائے تماشا میں اگر لباس

تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو مدبر[1] مصطبہ جسے اُستاد کہتے ہیں۔ اس کام میں مدد دیتا ہے۔

ہر ایک ممثّل کے پاس اس کا "حصہ[2]" نظم میں لکھا ہُوا موجود ہوتا ہے۔ جہاں کہیں بھُول جاتا ہے سامعین کے سامنے ہی جھٹ اس کاغذ کو دیکھ کر حافظہ کو تازہ کر لیتا ہے بعض اوقات اُستاد بھی جس کے ہاتھ میں سارا نسخہ موجود ہوتا ہے اسے "لقمہ[3]" دے دیتا ہے۔

اس اہتمام سے ماہ محرم الحرام کی پہلی دس راتوں میں واقعۂ کربلا کی تمثیل دکھائی جاتی ہے۔

چونکہ اس تمثیل کا محرک جذبۂ مذہبی ہے اور بطور فن کے اس کو نہیں سیکھا جاتا۔ اس لئے اس کے مقلد اکثر نکات فن میں بالکل کچے ہوتے ہیں۔

لڑکوں اور مستورات کے سوانگ اکثر بے ریش اور معصوم بچے بنتے ہیں۔ جو عموماً امرا و متموّل لوگوں کی اولاد ہوتے ہیں۔ اور تبرکاً اس تماشے میں حصہ لیتے ہیں۔

تمثیل کنونی (حالیہ)

ممالک اسلامیہ میں فن تمثیل صرف مذکورہ بالا حالتوں میں پایا جاتا تھا کسی نے اس کی اصلاح اور ترقی کے لئے کوئی کوشش نہ کی۔ لیکن قفقاز اور ملحقہ علاقوں کے سلطنت روس میں شامل ہوتے ہی شہر

---

[1] سٹیج منیجر۔ [2] پارٹ۔ [3] پرامٹ کرنا۔

تفلس میں جو ان علاقوں کا شہر حاکم نشین ہے۔ روسی حاکم ایم وارنسوف نے سنہ ۱۲۶۶ھ (سنہ ۱۸۵۰ء) میں منجملہ دیگر اصلاحات کے اہل شہر کی تفریح طبع کے لئے ایک "تماشا خانہ" بھی قائم کیا جہاں روسی و دیگر فرنگستانی زبانوں کی تمثیلیں تربیت یافتہ مقلدوں کے ذریعہ نقل ہونی شروع ہوئیں۔ شہنشاہ ایران ناصر الدین شاہ قاچار نے اپنے سفرنامہ میں اس تماشا خانے کا حال ان الفاظ میں بیان کیا ہے:-

"درمیانہ مختصر است سفید کاری۔ یک چہل چراغ برنز[2] داشت کہ با گاز[3] روشن بود۔ تماشا خانہ از صاحب منصبان روس وغیرہ پر بود۔ بہ ہمہ جہت دویست نفر آدم مے گیرد۔ موزیکہ[4] خوب زدند۔ بعد پردہ بالا رفت۔ چند الفت دادند۔ بزبان روسی حرف مے زدند۔ خوب خواندند۔ بازی و رقص و حکایات خوب نشان دادند۔ بسیار بامزہ و باخندہ بود۔ زنہا و جوانان روسی خوب و خوشگل بودند۔ یک زن رقاصۂ فرانسہ ہم بود۔ بسیار خوشگل وخوب مے رقصید۔ دو سال است۔ اینجا آمدہ"

مختصر یہ کہ فرنگستان کے بکثرت کردار اور مہذب نظاروں نے قفقازیوں کی آنکھیں کھول دیں۔ اور ان تماشوں کی دلچسپی اور دلآویزی کا یہاں تک اثر پڑا کہ انہیں اپنے ملکی ذرائع تفریح پھوندے معلوم ہونے لگے۔

---

[1] روسی۔ [2] ایک دھات ہوتی ہے۔
[3] گیس۔ [4] بینڈ۔

مردخسیس وغیرہ کا اصلی مصنّف اور اس کی تصنیف کی وجہ

چنانچہ مذکورہ بالا تمثیلات کا اثر سب سے زیادہ مرزا فتح علی اخونزادہ کے دل پر ہوا۔ یہ شخص تاتاری النسل تھا اور اس کے آباؤ اجداد کا وطن قراچہ داغ تھا۔ اس کا والد دربند میں پیشۂ معلمی کرتا تھا۔ اس وجہ سے اخونزادہ (اخوند زادہ) کے لقب سے ملقب ہے۔ روسی رعایا ہونے کی حیثیت سے وہ روسی فوج میں داخل ہو گیا تھا۔ اس نے علوم مروجہ میں بہت اعلیٰ تعلیم پائی تھی۔ اور فرنگستانی رسوم و آداب کا بہت شیدا تھا۔ اپنی قوم اور اس کی کمزوریوں کا نبض شناس بھی تھا۔

اس نے روسی تماشاخانہ تفلیس کی کامیابی اور فوائد سے متاثر ہو کر آذری ترکی میں (جو فارسی اور ترکی سے معجون مرکب ہے) ایک تاریخی حکایت اور چھ تمثیلیں اس تماشاخانے میں نقل کئے جانے کی امید پر لکھیں جن کے نام بقید سنہ تالیف درج ذیل ہیں:-

(۱) ملا ابراہیم خلیل کیمیاگر۔ سنہ ۱۲۶۶ھ (۱۸۵۰ء)
(۲) موسیو ژوردان۔ سنہ ۱۲۶۶ھ (۱۸۵۰ء)
(۳) خرس قولدورباسان۔ سنہ ۱۲۶۸ھ (۱۸۵۱ء)
(۴) وزیر خان سراب۔ سنہ ۱۲۶۸ھ (۱۸۵۱ء)
(۵) مردخسیس۔ سنہ ۱۲۶۹ھ (۱۸۵۲ء)
(۶) وکلائے مرافعہ۔ سنہ ۱۲۷۲ھ (۱۸۵۵ء)

(۷) قصۂ یوسف شاہ سراج ۱۲۷۲ھ (۱۸۵۵ء)

پھر ان سب کو ۱۲۷۶ھ (۱۸۵۹ء) میں یکجائی طور پر تفلس میں بنام "تمثیلات و دیوان مرزا فتح علی اخون زادہ" چھپوا کر شائع کیا اور اپنے افسر جنرل بریاتنسکی کے نام پر معنون کیا۔

ہم یہاں پر مصنف کی تمہید کا فارسی ترجمہ تمام و کمال نقل کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ اس نے کن فوائد کو مد نظر رکھ کر ان کے لکھنے کیلئے قلم اٹھایا تھا۔ وھو ھذا:۔

در طبیعت ایشان دو خاصیت عمدہ نہادہ شدہ یکے غم و دیگر فرح۔ گریہ علامت غم۔ خندہ نمونۂ فرح است۔ گاہے وقوع مصائب و صدور مفرحات و گاہے تقریر و تحریر آنہا این دو حالت را در مزاج ایشان ظاہر مے کند۔ در صورت تقریر و تحریر عمدہ مؤثر برائے غم و فرح و گریہ و خندہ وضع حکایت است۔ اکثر اوقات از حکایاتے کہ بوضع ناموفق مذکور شدہ است آدم متاثر نمے شود۔ لیکن ہماں مصیبت را بوضع پسندیدہ علیحدہ کہ نقل نمایند کما ینبغی تاثیر مے بخشد۔ چنانچہ در مجالس روضہ خوانان ناقص و کامل این ہر دو کیفیت مکرر مشاہدہ شدہ۔ اگر نقل مصیبتے یا بہجتے کہ از طبائع و اخلاق بشریت مذاکرہ مے شود۔ کما ہی و فی الواقع مذکور شدہ بطبیعت مستمع مقبول و

۱؎ ٹریجڈی۔ ۲؎ کومیڈی۔

موثر بیفتد۔ واضع و مصنف ہماں نقل را حکیم روشن روان و
عارف طبائع انسانی مے گویند و ناقل کامل آں سخن گوئے کامل۔
فائدہ نقل مصیبت و بہجت بیان کردن اخلاق و خواص بنی نوع
بشر است کہ مستمع بخوبیہائے آں خوشحال و عامل و از بدیہائے
آں متاذی و غافل گردد۔ و ہم نفس امارہ از اشتغال ایں
قسم حکایت متلذذ شدہ بجلب سرور معاصی و مناہی میل
نکند۔

در ممالک فرنگستان ارباب عقول سلیمہ بفوائد ایں عمل
برخوردار شدہ از عصرہائے قدیم در شہرہائے عظیم عمارات
عالیہ باسم تیاٹر[1] برپا کردہ۔ گاہ کیفیت مصیبت و گاہے
کیفیت بہجت را بواسطہ تشبیہات اظہار مے نمائند۔

درمیان ملت اسلام تا ایں زمان ہمیں نقل مصیبت[2]
متداول بودہ ایں ہم بواسطہ تشبیہ و تقریر در کمال نقصان
متصور۔ یعنی اولاً وضع انشائے مصائب موافق واقع و
مطابق طبع انسانی بعمل نیامدہ۔ ثانیاً ناقلان آں از روئے
بصیرت تربیت نہ شدہ ہر کس بسر خود بایں امر اقدام کردہ
از لوازمات جاہل و از شرائط آں غافل است۔ ثالثاً
برائے اجرائے ایں امر عظیم درمیان ملت اسلام ہرگز تدارکاتے
مہیا نیست۔ بنا بریں کیفیت تشبیہات کہ یکے از لوازم
دنیا است در غایت رکاکت ظہورے کہ مثلاً

---

[1] تھیئیٹر۔ [2] تعزیہ۔

یک چیزے جزئی هم که شبیه در حالت تکلم قاری به نظر
نیاید چاره جز نه شده اندر تشبیه باید که از حفظ موافق
اصطلاح مکالمه بکنند مے بینی یک ورق کاغذ دست
گرفته با عبارات غلیظه درسیه مے خوانند- با این حالت
تقریر شبیه چگونه بطبیعت انسان مؤثر خواهد افتاد+ اما نقل
بهجت بواسطهٔ تشبیهات هرگز رسم نیست- درین خصوص تا حال
تصنیفی نوشته نشده است- باوجود اینکه نقل بهجت متضمن مواعظ
عجیبه و نصائح غریبه است- که اگر بوضع بهجت فزا و طرب انگیز
بیان نشود هرگز طبیعت خاص وعام باستماع آنها راغب نخواهد
گشت+

مجالس نقل بهجت از قراریکه در فرنگستان متعارف است
اگر بکمال وقت ملاحظه بکنی چیزے بخلاف ادب وحیا در آنجا
مشاهده نمے شود+

اس سے کچھ عرصہ پہلے جلال الدین مرزا پسر فتح علی شاہ
قاچار نے نامۂ خسروان' ایک کتاب ایران کی تاریخ میں لکھی اور اُسکی
متعدد جلدیں اپنے احباب کو بھیجیں- ایک جلد مرزا فتح علی کو
بھی (جس سے صرف علمی مناسبت کی وجہ سے ہی تعارف تھا)
تفلس میں بھیجی- مرزا نے اس کے عوض میں اپنی تمثیلات کی ایک جلد
شاہزادے کو ارسال کی- اور سرورق پر یہ بھی لکھ دیا کہ اگر ان کا ترجمہ
فارسی میں بھی ہو جائے تو خالی از دلچسپی وفائدہ نہ ہوگا- مگر کسی وجہ
سے یہ کتاب بہت عرصے تک زینت طاق فراموشی رہی+

ـه ایکٹر+

مرزا جعفر مترجم تمثیلات

جلال مرزا جیسا خود صاحب علم تھا ویسا ہی قدردان اہل علم و کمال تھا۔ بہت سے اہل قلم اس کے سلک ملازمت میں منسلک تھے۔ ان میں قراجہ داغ کا رہنے والا مرزا جعفر بھی تھا۔ جس کا تخلص تحقیق تھا۔

تاریخ اور تذکرے اس باکمال کے مفصل حالات زندگی سے بالکل خالی ہیں۔ ہاں اس کے خود بیان کردہ واقعات سے جو مسٹر ہی پی چل نے شائع کیے ہیں۔ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا کی پیدائش ۱۸۳۲ء میں قراجہ داغ میں ہوئی تھی۔ قاپودان فتح علی سے اس کا دور کا رشتہ بھی تھا۔ اس کی بیوی مرگئی تھی اور مرحومہ کی یادگار ایک اکلوتی بیٹی تھی۔ جسے وہ بہت پیار کیا کرتا تھا۔ وہ ایران کے مروجہ طریقۂ تعلیم کو بہت ناپسند کرتا تھا۔ اور نصاب تعلیم جو اس ملک کے مدارس میں جاری تھا۔ اس قابل نہ تھا کہ طلبا میں صحیح قابلیت پیدا کر سکے۔ اور اس فکر میں رہتا تھا کہ کس طرح اس طریقۂ تعلیم کی اصلاح ہو۔ اتفاقاً اسی فکر میں ایک دن اسے اپنے مربی شاہزادہ جلال مرزا کے کتب خانہ میں مرزا فتح علی کی تمثیلات کی وہ جلد جو

؎ جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی مطبوعہ ۱۸۸۶ء۔

مصنف نے بھیجی تھی ہاتھ آگئی۔ اُس نے اسے بڑے شوق سے
پڑھا۔ اس قدر لطف آیا کہ اُسی وقت ارادہ کر لیا کہ جس طرح
بھی ہو، مصنف کی خواہش (دربارہ ترجمہ فارسی) کو پورا
کیا جاوے۔ چنانچہ سب سے پہلے ملا ابراہیم خلیل کیمیاگر[1]
کا ترجمہ سنہ ۱۲۸۸ھ (سنہ ۱۸۷۲ء) میں کر کے شاہزادے کے سامنے
پیش کیا۔ شاہزادہ اُس کی خوبیاں دیکھ کر بہت ہی خوش
ہوا اور مترجم کا حوصلہ بڑھایا۔ اور باقی حصوں کے ترجمے میں
جلدی کرنے کی تاکید کی۔ چنانچہ ۷ جمادی الثانی سنہ ۱۲۸۹ھ کو موسیو
زُردوال کے ترجمے کی تکمیل ہوئی۔ یہ دونوں کتابیں شائع ہونے
بھی نہ پائی تھیں کہ جلال مرزا کا انتقال ہو گیا۔ اور مرزا جعفر کی
ملازمت بھی جاتی رہی۔ بیکاری میں اس کو بہت سی مشکلات
کا سامنا رہا۔ کبھی کبھار کوئی ملازمت مل جاتی تھی لیکن مستقل
ذریعہ روزگار کوئی نہ تھا۔ تاہم اس نے ہمت نہ ہاری اور ترجمے
کا کام برابر جاری رکھا۔ چنانچہ قولدورباسان، قصۂ یوسف
شاہ سراج سنہ ۱۲۹۰ھ میں ختم ہوئے۔ اور سرگذشت وزیر لنکران
مرد خسیس اور وکلائے مرافعہ سنہ ۱۲۹۱ھ میں شائع کئے۔

غرض قولدورباسان کو شائع کرتے وقت ایک مختصر
تمہید بھی لکھی ہے جسے ہم ذیل میں درج کرتے ہیں۔ تاکہ
معلوم ہو سکے کہ مترجم نے کن حالات میں اس ترجمے کو شائع کیا تھا

---

[1] دیکھو فارسی کی تیسری کتاب مؤلفہ راقم الحروف۔

وہ لکھتا ہے:-

"چندے قبل دو تمثیل ازیں تمثیلات کتاب تماشا خانہ محض
تصحیح و امتحان بچھاپ رسانیدہ تقدیم حضور اعاظم و
معارف نمود۔ چوں در نظر خاص و عام مقبول و فوائدش
نسبت بعموم مردم مشہود و محقق گردید۔ لازم آمد کہ:-

اذا قلت فی شئی نعم فاتمہ
فان نعم دین علی الحر واجب[۱]

باقی تمثیلات ایں کتاب نیز بعون اللہ بچھاپ برسد۔ و لے
ازانجا کہ خواہ بصیغہ انعام و خواہ باعطاء قیمت از ہیچ
جا اعانتے بعمل نیامد۔ برائے متصدی موجب کسالت
وسبب تاخیر ایں تمثیل سیم آمد۔ تا ایں روزہا بمفاد
"الامور مرھون باوقاتھا" ایں تمثیل بہر نحوے
کہ بود بہ چھاپ رسید۔ امید از قدر دانئے خداوندان
مرتبت آنست کہ ایں نسخہا کہ از عدم شہرت و تازگی
تقدیم حضور ایشاں مے شود ہر کہ را میل قبول نبودہ
باشد "التماس احدی الراحتین" نسخہ را
براقم رد نمودہ متصدی را منتظر نگذارند و اگر چنانکہ
بصرافت طبع ملاحظہ آں رغبت فرمودند برائے یک ہیچ

---

۱ ترجمہ۔ جب تو نے کسی کام کی ہاں کر لی تو اس کو پورا کر کیونکہ ہاں ایک قرض ہے جس کا ادا کرنا شریف پر واجب ہو جاتا ہے۔

نسخہ کہ دو ہزار قیمت و پنجہزار انعام قرارداده شده مضایقہ
نفرموده حین قبول نسخہ یکے ازیں دو التفات را درباره
حال بہ فرمایند کہ مقصدی را امیدواری حاصل شده از توجہ
تربیت ایشاں ہمہ کتاب بہ چاپ برسد۔ واز فواید مندرجہ
خاص و عام بہره مند شوند" ہو المستعان والیہ التکلان"

پھر ۱۲۹۱ھ میں چھیوں تمثیلوں اور قصہ یوسف شاہ سراج
کو یکجائی طور پر طہران سے شایع کیا۔ اور مرزا فتح علی مصنف
اصل کے پاس تفلس میں بھیجا۔ جس نے انہیں بے انتہا پسند کیا
اور اپنے خطوط میں مترجم کی مساعی کی بہت تعریف کی۔
۱۸۸۶ء میں پروفیسر باربیئے میناڑ کے لئے فرانسیسی
کونسل متعینہ تبریز نے مصنف اور مترجم کے حالات پر ایک
نوٹ لکھ کر بھیجا تھا جس انگریزی ترجمہ جرنل آف دی رائل
ایشیاٹک سوسائٹی لنڈن بابت ۱۸۸۶ء میں درج ہے اس
سے مصنف و مترجم کے تعلقات پر روشنی پڑتی ہے۔ ہم
اس کے اس حصے کا اقتباس ذیل میں درج کرتے ہیں :-

"مرزا جعفر ایرانی حج کے ارادے سے تفلس میں سے گذر رہا
تھا کہ وہیں مرزا فتح علی سے شناسائی ہوگئی۔ دونوں میں
اتحاد پیدا ہوگیا۔ مرزا جعفر کی ملاقات وہاں کے چند ایرانی آزاد
منش لوگوں سے ہوگئی۔ جن کی صحبت کا یہ اثر ہوا کہ وہ حج کے
ارادے سے دستبردار ہو کر وہیں مقیم ہوگیا۔ اور سلطنت روس کی
ملازمت بھی کرلی اس عرصے میں اپنے دوست مرزا فتح علی کی

تمثیلات کا فارسی ترجمہ کیا۔ اور تفلس میں ہی ۱۸۸۳ء میں اس کا انتقال ہو گیا۔ دس ہزار تومان (تقریباً ساٹھ ہزار روپیہ) ترکہ چھوڑا۔ جو اس کے وارثوں نے تفلس جا کر واگزار کرا لیا۔

لیکن خود مرزا جعفر کو ان سب باتوں سے انکار ہے[۱]۔

اس کے اپنے بیان کا خلاصہ یہ ہے:—

(۱) مرزا جعفر کے پاس کبھی اتنا روپیہ نہیں ہوا۔ جس کا ذکر اوپر کے اقتباس میں ہے۔

(۲) مرزا جعفر کبھی تفلس میں نہیں گیا۔ اور نہ ہی مرزا فتح علی سے اس کی کبھی ملاقات ہوئی۔

(۳) دونوں میں خط و کتابت کا سلسلہ تھا۔ اور وہ بھی تمثیلات کے ترجمہ کرنے کے دوران میں جاری ہوا۔

(۴) مرزا جعفر ۱۸۸۶ء تک زندہ تھا اور ۱۸۸۴ء سے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر گوشہ نشین ہو گیا تھا۔ اور ناقدریٔ ابنائے زمان کا شکوہ سنج تھا۔

مقدمہ مرزا جعفر

مرزا جعفر نے اپنی تمثیلات کے شائع کرنے پر جو مقدمہ لکھا ہے۔ وہ ہم یہاں تماماً نقل کرتے ہیں۔

"ہر چند تا کنوں وجود مرا اثرے واعمال بے اثرم ثمرے وانتساب انشائے تمثیلاتے نسخہ نسخہ ویادگار ثبت و ارم کہ

۱؎ جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی ۱۸۸۶ء

اوقات هم که باین توفیق موفق مے شوم۔ باز از برادران امیدوارم
چنانم بتوجه و نظر مرحمت خود شان بهر شخصے که دانند همراهی
فرمایند که انشاء الله از پرتو تشویق ایشان قوت ناطقه قوت
گرفته بیشتر از پیشتر برائے انتشار این علم شریف ساعی شوم۔
علم شریف تهذیب اخلاق که هرگز بنوع کودکی و بفن لطیف
تیاتر که لطف سخنان و الذ گفتگو هست بزبان فارسی
نوشته نشده۔ هموطنانم ازین متع محجوراند۔ انشاء الله بتوسط
خامهٔ این گمنام درین نامه بزبان فارسی نگارش یافته یادگار
بماند که چون انتشار و اشتهارش برائے اهل مملکت وسیلهٔ بصیرت
و برائے خارجه در آموختن زبان فارسی اسباب سهولت است این
آثار نام مرا بهتر از فرزند خلف زنده و پایدار میدارد۔ برائے
طالبان تحصیل فارسی تاکنون باین سادگی و بے حشو و زوائد
نمونه نوشته نشده۔

اهل خارجه و ترکان آذربایجان وغیره را بجهت آموختن زبان فارسی
مداومت و مواظبت این تمثیلات از ممارست سائر کتب فرس مفیدتر
و برائے رفع هرگونه کدورت انیس بے دردسر و جلیس بے زحمت و ضرر
خواهد بود۔

سبب ترجمه و مقصود از آں

[illegible] تا ایجنت و ترجمه تهذیب [illegible] عالم مضحکه
[illegible] اهل [illegible] [illegible] بطور [illegible]
در صورت [illegible] [illegible]

[illegible] محبت [illegible]

انسان است۔ بتماشائے شکل و شباہت و شنیدن سخنان خوش مزہ بے اغراق و موافق طبع +

چوں حکمائے عصر متفق و معتقد شدہ اند براینکہ عیوب و قبائح را چنانکہ تمسخر از طبیعت انسان بیروں مے برد ہیچ قسم نصیحت و پندے بیتوانند برد و ہمچنانکہ استہزا ایشاں را برآں مے دارد کہ ترک اعمال قبیحہ مے نمایند ہیچ گونہ موعظہ و پندے ایں طور موثر نمے افتد۔ بنابرآں اشتہار و انتشار علم تیاتر را کہ مستجمع افعال قبیحہ و مستحسنہ بنی نوع انسان است لازم دانستہ امثال اتفاقیہ و حادثات واقعہ را کما ہی بے میل و غرض تالیف کردہ دقایق مطالب تہذیب اخلاق را خواندہ بخواندن و نقل کردن و خواہ بدرس دادن و تشبیہ نمودن بمردم وا نمودہ مے کنند۔ تا بہ کردار ہائے خوب راغب و از کار ہائے زشت بپرہیزند +

ایں بندہ کتابے بزبان ترکی دیدہ فوائد و منافع آں را مشاہدہ کردہ افسوس خوردم کہ چرا تا امروز ما اہل ایران ازیں استفاضہ محروم ماندہ ایم۔ محض خدمت ہموطنان و حصول اطلاع از فوائد فائدہ تیاتر و تازگی و خوش طرحئے ایں چندے بہ ترجمہ آں پرداختہ معروض نظر ارباب کمال مے نماید۔ صرف نظر از فوائد عامہ کہ از قول[1] مصنف در ترجمہ عرض خواہد شد۔ فائدۂ خاص را نیز دریں ضمن مراعات کردہ برخلاف سلیقہ چیز نویسان قدیم از قید عبارت مغلقہ و الفاظ مشکلہ رہانیدہ

---

[1] دیکھو صفحہ ۱۲، ۱۳، ۱۴ +

بزبان عوام وسخنان رواں وکلمات مانوس وعبارت معروف
ایں کتاب مستطاب را نوشته با تمام رسانید که بے سواد و
باسواد هردو بخواندن وشنیدن از فوائد آں بهره مند شوند و
اطفال مظلوم که همیشه برائے یادگرفتن ترکیب کلمه و
آموختن هجی او... ورطهٔ عبارات مغلق مستغرق وگرفتار اند
بخواندن ایں کتاب که بزبان خود آنها مسطور است خلاصی
یافته سهولت عبارت ومانوسئے سخنان وسیلهٔ تشویق وترغیب
آنها گردیده آنچه که مے خوانند ومے آموزند معنی آں را نیز
فهمیده ببصیرت روشنائی حاصل کنند +

محقق است که لذت فهم معانی وحصول بصیرت وسیلهٔ شوق
ورغبت درس ومعرفت گشته از روئے میل طبیعی وخواهش
خود بدرس خواندن اقدام خواهند نمود +

همچنیں کسانیکه فارس نه بوده ایام قبل سالها برائے آموختن
زبان فارسی زحمت کشیده از روئے کتب فرس ویا ترجمه
هائے انجیل وتوراة تحصیل فارسی مے نمودند وبے دقت
حرف زدن یا چیز نوشتن (دیده وشنیده است) که چه مے
گفتند وچه مے نوشتند ایشاں مورد ملامت نیستند اما
بعد از قرنے زحمت وریاضت از وصول مدعا تهیدستی بوده
امیدوارم بخواندن ومداومت ایں تمثیلات از قیود آں عیوب
مستخلص وبرائے تحریر وتقریر ضروری از زحمت کثیر مستغنی شوند
بارے چندانکه برائے اطفال مملکت ... خواندن ایں کتاب

ضرورت دارد۔ دو چنداں برائے بزرگ و کوچک غیر ممالکت فارس، راومست ایں تمثیلات لازم و درکار است،،

لیکن افسوس ہے کہ اہل ملک وملت نے مترجم کی عملی قدردانی نہ کی اور اسے عمر بھر اس بات کا افسوس رہا کہ نہ تو اس کی ترجمہ کردہ تمثیلات کی اہل ملک نے تماشا خانہ میں نقل کی اور نہ ہی انہیں بطور نصاب تعلیم مدارس میں داخل کیا۔ اس ناقدری کی وجہ یہ ہے کہ مکتبوں کے معلم تعلیم کے پرانے طریقوں اور نصاب مروجہ کو آسانی سے چھوڑنے والے نہ تھے۔ علاوہ ازیں ان تمثیلوں کی تکلمی اور سوقی زبان ان کے خیال میں متانت کے منافی تھی اس لئے تعلیمی نصاب میں ان کو داخل کرنے کی بہت مخالفت کی گئی۔

تشبیہی حیثیت سے ان کی ناکامی کا باعث یہ ہے کہ اوّل تو ایران میں فن نقشہ، ابھی ابتدائی حالت میں تھا۔ اور تمام نظاروں، کو تماشائیوں کے سامنے پیش کرنے میں بہت دقت تھی۔ دوسرے چونکہ ان میں ملاؤں رمالوں فال گیروں نجومیوں اور حکام عدالت کے خاکے مضحکہ آمیز رنگ میں اڑائے گئے ہیں اور ممالک ایشیا اور خصوصاً ایران میں عامۃ الناس پران کا اثر اور نفوذ بہت زیادہ ہے۔ اس لئے ان لوگوں کی علانیہ تضحیک آسان بات نہ تھی تاہم اتنا معلوم ہے کہ بعض اصل آذری اور فارسی ترجموں کی نقلیں، مختلف اوقات میں تماشا خانوں میں دکھائی گئی ہیں۔

ہاں ممالک غیر کے فارسی آموزوں نے ان کتابوں کا تپاک سے خیر مقدم کیا۔ اور ایران کی تکلمی زبان کے سیکھنے میں ان سے معتدبہ

فائدہ اُٹھایا اور اُٹھا رہے ہیں۔ یورپ کی اکثر زبانوں میں ان کے ترجمے اور حاشئے شائع ہو چکے ہیں اور اکثر تعلیمی مجلسیں ان کو فارسی زبان کے نصاب میں داخل کر رہی ہیں۔ ایران کے آئندہ تعلقات بین الاقوامی کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی مانگ اور قدر اب بہت بڑھ جائے گی۔

ان تمثیلوں کے شائع ہوتے ہی ایرانی اہل قلم نے اپنے ہاں اس فن کی ترویج اور ترقی کی طرف توجہ کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں اس فن کے متعلق بہت سی کتابیں شائع ہوئیں۔ جن میں سے اکثر ترجمے ہیں منجملہ ان کے شیکسپیر کے ہنری چہارم کا انگریزی سے مولیر کے متعدد ڈراموں کا (جن میں سے طبیب اجباری بہت مشہور ہے) فرانسیسی سے اور تیاتر ضحاک (جس میں ضحاک اور فریدوں کا قصہ خالص تاریخی رنگ میں بیان کیا گیا ہے) کا ترکی سے ترجمہ کیا گیا۔ باذاق مستورات نے بھی ادھر توجہ کی چنانچہ تاج ماہ آفاق الدولہ ہمشیرہ آقائے مرزا اسمٰعیل خان اجودان باشی نے نامۂ نادری (نادر شاہ افشار کے عروج و زوال کے واقعات ہیں) ترکی سے ترجمہ کیا۔

کچھ مدت ہوئی ہندوستان میں بھی رسالہ زمانہ کانپور کے اڈیٹر نے نواب ہندی نام ایک فارسی ڈرامہ شائع کیا تھا۔ جس میں گو محاورۂ جدید ایران کو نباہنے کی بہت قابل قدر کوشش کی گئی ہے تاہم "ہندیت" کی جھلک صاف نظر آتی ہے۔

سرگذشت مردِ خسیس

یہ تمثیل جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ۱۲۹۱ھ میں ترجمہ ہوئی تھی۔ اس میں علاقہ قفقاز کے تاتاری قبائل کے رواجات۔ اخلاق۔ بود و باش کا نقشہ دکھایا گیا ہے۔ جو ابھی تک رُوسی حکومت کی جکڑ بندیوں سے مانوس نہیں ہوئے۔ چوری چکاری رہزنی کی روک تھام کو سدِّ رزق خیال کرتے ہیں۔ تجارت و زراعت کو ذلیل سمجھتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے عاید کردہ تجارتی پابندیوں کو بُرا سمجھتے ہیں۔ ہر ایک قانون کو اپنی آزادی کے منافی جانتے ہیں۔ غرضیکہ نئی حکومت میں وہ مرغِ نوگرفتار کی طرح پھڑ پھڑا کر جال سے باہر نکلنے کی کوشش کرتے ہیں مگر بے سود۔

مصنف مرزا فتح علی روسی حکومت کا نمک خوار ہے اور قدرتاً اسی کی طرفداری کرتا ہے۔ تاہم وہ اپنی قوم کی کمزوریوں اور نقصوں سے بھی واقف اور ان پر متاسف ہے۔ اور جہاں لوگوں کو حکومت اور پابندیٔ قوانین کے فوائد سے آگاہ کرتا ہے وہاں دبی زبان سے حکومت کی کمزوریوں اور خصوصاً پولیس کے ہتھکنڈوں اور چالاکیوں کو بھی ظاہر کئے بغیر نہیں رہتا۔

اس تمثیل کی زبان بازاری ہے جو عوام الناس طہران اور اس کے گرد و نواح میں بولتے ہیں۔ کتابی زبان کی طرح اس میں عربی اور ترکی الفاظ کی جا و بیجا بھرمار نہیں۔ ترکیبیں بالکل سادہ اور عام فہم ہیں نثر زیادہ آمد

اور روانی بہت ہے عالمانہ پیچیدار ترکیبوں مغلق و مشکل الفاظ اور مترادفات کا استعمال بالکل نہیں تصنع اور تکلف سے بالکل پاک و صاف ہے۔

محاورہ جدید کی بعض خصوصیات جنکی طرف فرہنگ میں جابجا اشارہ کیا گیا ہے اور جن کا استعمال اس کتاب میں ہے درج ذیل ہے:-

(۱) اسم کی جمع بنانے کے لیئے عام اس کے کہ وہ جاندار کے لیئے ہو یا بیجان کے لیئے عموماً "ہا" علامت جمع ہوتی ہے "ان" کا استعمال آجکل بہت کم ہے۔

(۲) ضمائر جمع کے بعد بھی مزید تاکید کے علامت جمع لگائی جاتی ہے۔

(۳) ترکیب اضافی میں مضاف الیہ کے بعد علامت جمع کا استعمال ہوتا ہے۔

(۴) ضمائر متصل کا استعمال ضمائر منفصل کی نسبت بہت زیادہ ہے اور اکثر حروف کے بعد بھی لگا لیتے ہیں۔

(۵) اگر کسی اسم کے بعد حرف علت ہو تو خلاف قاعدہ قدیم ضمیر متصل لگاتے وقت اس کے اقبل ی کی ضرورت نہیں۔

(۶) گفتگو میں کاف بیانیہ - کاف صلہ - حروف عاطفہ - حروف شرط اور حروف جر کے حذف کی طرف بہت زیادہ میلان ہے۔

(۷) "کہ" تاکید کے لیئے اور بجائے حرف شرط اکثر استعمال ہوتا ہے۔

(۸) اسماء بھی صفتی معنوں میں مستعمل ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ علامت تفضیل بھی لگا لیتے ہیں۔

(۹) صفات اور اسماء دونوں کے ساتھ "ک" تصغیر کا استعمال کرلیتے ہیں۔

(۱۰) فعل حال اور فعل ماضی - فعل مستقبل کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

(۱۱) اسم مفعول سماعی کے بعد بعض وقت لفظ "شدہ" علامت اسم مفعول تاکید کے لئے لگاتے ہیں +

(۱۲) ایک ہی جملہ میں واحد کے لئے ضمیر کبھی واحد ہوتی ہے اور کبھی جمع خصوصاً مخاطب کے صیغوں میں +

(۱۳) فاعل واحد کے فعل جمع اور بالعکس کا رواج عام ہے +

(۱۴) لفظ "بندہ" عموماً قائم مقام "من" سمجھ کر فعل متکلم استعمال کرتے ہیں +

(۱۵) کلمات ذیل کے استعمال کا رواج محاورۂ جدید میں بہت ہے۔ توے (اندر) روے - سر (بر) پاے (زیر) جلو (پیش) محض (برائے) دم (نزد - در) بلکہ (شاید) خیر (نہ) وغیرہ وغیرہ +

خلاصۂ تمثیل سرگذشت مرد خسیس

مجلس اوّل

حیدر بیگ چاندنی رات میں بستی سے باہر بیٹھا اپنے دوست صفر بیگ کے سامنے اپنا دکھڑا رو رہا ہے کہ روسی حکومت کی پابندیوں کی وجہ سے ان کی قوم اور ملک کے ہنروں کی سخت بیقدری ہو رہی ہے - نہ سواری کا کوئی شائق نظر آتا ہے اور نہ چوری و رہزنی کا مشتاق - حکومت کی طرف سے تاکید ہوتی ہے کہ چوری نہ کرو - لوٹ مار نہ کرو - بلکہ تجارت و زراعت کے ذریعے روزی کماؤ - یہ پیشے اس کے خیال

میں شرافت اور جوانمردی کے منافی ہیں۔ تجارت ذلیل لوگوں کا کام ہے۔ اور کاشتکاری کو بہادری و جواں قسیری سے کوئی مناسبت نہیں۔ سنچالنگ کہیں دورے پر آیا تھا۔ حیدر بیگ کو چوری چکاری سے باز رہنے کی تاکید کر گیا تھا۔ چونکہ اور کوئی ذریعہ آمدنی نہیں اس لئے بہت جھلایا ہوا ہے۔ علاوہ اس کے مصیبت یہ ہے کہ اسے صونا خانم سے عشق ہے۔ گو اس کے ماں باپ نے دونوں کی شادی منظور کر لی ہے مگر افلاس (بے زری) باقاعدہ شادی کرنے میں مانع ہے۔ بنابرآں اپنی محبوبہ سے وعدہ لے آیا ہے کہ وہ اس رات کو اس کے ساتھ فرار ہو جاوے گی چنانچہ اسی مطلب کے لئے وہ اس وقت باہر بیٹھا اپنے دوسرے دوست عسکر بیگ کا منتظر ہے۔ اتنے میں وہ بھی آجاتا ہے۔ اور تینوں میں اس مضمون پر گفتگو چھڑ جاتی ہے۔ حیدر بیگ دل میں اس طرح بھگا لانے کے خلاف ہے۔ کیونکہ وہ اسے قابل شرم اور ذلیل سمجھتا ہے اس لئے کچھ متردد سا ہے۔ وجہ دریافت کرنے پر وہ حقیقت حال بیان کرتا ہے اور اپنی بے زری کا رونا روتا ہے۔ عسکر بیگ تجویز کرتا کرتا ہے کہ حاجی قرہ سوداگر آغچہ بدیعی سے روپیہ قرض لے کر تبریز سے فرنگستانی کپڑا (جس کی درآمد کی علاقہ میں حکومت روس کی طرف سے ممانعت ہے) خرید کرلایا جاوے۔ اس تجویز پر سب کا اتفاق ہو جاتا ہے۔ مگر چونکہ حیدر بیگ نے صونا خانم سے اسی رات کو بھگا لیجانے کا وعدہ کر رکھا ہے اور اس کے انتظار کا خیال ہے اس لئے وہ اپنے دوستوں سے اجازت لے کر تنہا اس کے پاس جاتا ہے کہ اسے اپنی تجویزوں کے متعلق مطلع کرے۔ صبح کو ملنے کا وعدہ کر کے تینوں دوست

علیحدہ ہو جاتے ہیں +

ادھر صونا خانم اپنے خیمے سے نکل کر حیدر بیگ کا بڑے اضطراب سے انتظار کر رہی ہے۔ چونکہ وقت زیادہ ہوتا جاتا ہے اور حیدر بیگ حسب وعدہ ابھی تک نہیں آیا۔ اور بیچینی اور سراسیمگی کے عالم میں خود بخود باتیں کرنا شروع کر دیتی ہے دل میں طرح طرح کے خیالات گذر رہے ہیں۔ حیدر بیگ کی طبیعت اور افتاد سے خوب واقف ہے۔ اسے خطرہ ہے کہ کہیں چوری چکاری میں پکڑا نہ گیا ہو۔ کیونکہ ابھی تھوڑا عرصہ ہی گذرا کہ اسی چوری کی وجہ سے دو سال تک مفرور رہا ہے۔ کبھی اس کی محبت کے بارے میں مشکوک ہو جاتی ہے اور تنگ آ کر ترک الفت پر آمادہ ہو جاتی ہے۔ مگر اسے یہ بھی امر محال معلوم ہوتا ہے آہٹ کے لئے ہمہ تن گوش بنی ہوئی ہے۔ کشمکش بیم و رجا کی زندہ تصویر ہے۔ اتنے میں کسی کے پاؤں کی آواز سے چونک اٹھتی ہے اور تھوڑی دیر میں حیدر بیگ اور وہ ہم سر گرم گفتگوئے ناز و نیاز نظر آتے ہیں۔ صونا خانم جذبات عشق کے ہاتھوں بے قابو ہوئی جاتی ہے۔ اور حیدر بیگ کو تاکید پہ تاکید کئے جاتی ہے کہ جلدی بھاگ چلو۔ مگر وہ محبت بھرے الفاظ میں بھگا لیجانے کی بے شرمی و بے حیائی کے نتائج اسکے سامنے بیان کر رہا ہے اور سمجھاتا ہے کہ ایک دو ہفتے صبر کرو۔ میں کہیں سے روپیہ کا انتظام کر کے باقاعدہ نکاح کر کے تمہیں لے جاؤنگا۔ اور اس کو اپنی تجویزوں کے متعلق بھی بتا دیتا ہے۔ مگر صونا خانم کی بے صبری کے سامنے اس کی پیش نہیں جاتی ہر بات کو کاٹ دیتی ہے۔ اور اس بات پر اڑی ہوئی ہے کہ اگر مجھ سے محبت ہے تو ابھی بھگا لے چلو۔ آخر اسے یا دل

ناخواستہ اس بات پر آمادہ کر ہی لیتی ہے اور اُچک پر گھوڑے پر سوار
ہونا ہی چاہتی ہے کہ سفیدۂ صبح نمودار ہو جاتا ہے اور اس کی ماں
اسے زور سے پکارتی ہے صونا خانم اب مجبور ہو جاتی ہے۔ اور ماں کی
نظروں سے اوجھل ہونے کے لئے زمین پر بیٹھ جاتی ہے اور حیدر بیگ
مختصر مگر محبت آمیز الوداعی کلمات کے ساتھ رخصت ہو جاتا ہے +

ماں نوجوان بیٹی کے اکیلے بے وقت باہر رہنے کی وجہ دریافت کرتی
ہے۔ بیٹی چالاکی و عیاری سے جواب دیتی ہے کہ میں کل شام تک قالیچہ
بچھانے کا کام کرتی رہی واپسی پر اسے لے جانا بھول گئی تھی اور اس خیال
سے کہ کہیں گوالوں اور چرواہوں کے ہاتھ نہ آ جائے سویرے ہی سے
اس کی تلاش کے لئے میں آئی تھی واپسی پر جوتی کا ایک پاؤں اتر کر گم
ہو گیا ہے۔ اس کی تلاش کر رہی ہوں ماں محبت آمیز تنبیہ کر کے جوتے
کی تلاش میں شریک ہو جاتی ہے اور لڑکی جھوٹ موٹ ادھر اُدھر ہاتھ
مار کر جلدی ہی چلا اٹھتی ہے کہ ایلو مل گئی۔ اس پر دونوں ماں بیٹیاں
اپنے خیمے کی طرف چلی جاتی ہیں +

مجلس دوم

آنجیہ بدیع کے بازار میں حاجی قرہ (مرد خسیس)، جو کپڑے کا مالدار
سوداگر ہے اپنی دکان پر بہت ملول اور غمناک بیٹھا ہے کہیں سے
دھوکا کھا کر بہت سا کپڑا خرید چکا ہے جس کا علاقہ میں رواج
نہیں۔ خریدار دوکان کی طرف منہ بھی نہیں کرتے۔ حاجی بہت

بددل ہو کر بیوپاری پر لعنتیں بھیج رہا ہے۔ خسارے کا خوف اسے ہلاک کئے جا رہا ہے۔ اتنے میں خدا وردی مؤذن آ کر السلام علیکم کہتا ہے حاجی آوازِ پر چونک اٹھتا ہے "بلّی کو چھیچھڑوں کے خواب" وہ سمجھتا ہے۔ کوئی خریدار ہے۔ فوراً پوچھتا ہے آپ نا شورنا نگتے ہیں ہم کتنے تھان چاہئیں۔ مگر مؤذن اس سے اس کے مرحوم باپ کا نام پوچھتا ہے۔ کہ اس کی روح کو سورۂ جمعہ کا ثواب پہنچائے اور اس کے بدلے میں صرف ایک عباسی (ایک قلیل القیمت سکہ) کا طلبگار ہے۔ حاجی پہلے ہی جلا بھنا بیٹھا ہے۔ اس بات سے صاف منکر ہو جاتا ہے اور دوکان سے ہٹانا چاہتا ہے۔ مؤذن صاحب کو کھسیانا ہو کر واپس ہونا پڑتا ہے بعد ازاں حیدر بیگ اور اس کے رفقا آ جاتے ہیں۔ حاجی انہیں بھی خریدار سمجھ کر بہت خوش ہوتا ہے اور خوب آؤ بھگت کرتا ہے اور انہیں پھنسانے کے لئے بہت خوشامد درآمد کرتا ہے۔ مگر جب اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خریدار نہیں تو فوراً نگاہ بدل جاتا ہے اور انہیں دوکان سے چلے جانے پر مجبور کرتا ہے۔ اور ان کی کوئی بات سننا نہیں چاہتا۔ آخر حیدر بیگ اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے۔ کہ اس شخص کی قسمت میں ہی روپیہ نہیں تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔ چلو چلیں اس کے پاس ہم کیوں آئے۔ حاجی یہ سن کر پھسل پڑتا ہے۔ اور ان کی خوشامد شروع کر دیتا ہے۔ اور بڑے اصرار و الحاح سے حصول زر کے ذریعے کی بابت دریافت کرتا ہے۔ جس پر وہ اپنا مافی الضمیر بیان کرتے ہیں۔ حاجی خود بھی ان کے ساتھ تبریز جانے اور کپڑا خریدنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ اور لے کے صحیح سلامت واپس پہنچانے کے

صلے میں تینوں دوستوں کو پانچ فیصدی سُود پر کچھ رقم دینے کی آمادگی ظاہر کرتا ہے۔ بات پختہ ہو جاتی ہے۔ تینوں دوست چلے جاتے ہیں۔ اور حاجی بھی دوکان سے اُٹھ کر گھر میں جاتا ہے۔ سامان سفر درست کرتا ہے۔ ہتھیار پہن لیتا ہے۔ نقدی کے صندوق کھول کر روپیہ گن رہا ہوتا ہے کہ اس کی بیوی تکذبان آجاتی ہے وہ اس کی ہیئت کذائی کو دیکھ کر اس کے متعلق دریافت کرتی ہے اور اس کے ارادہ سفر سے مطلع ہو کر چراغ پا ہو جاتی ہے۔ میاں بیوی میں خوب مزے کی نوک جھونک ہوتی ہے اتنے میں حیدر بیگ اور اس کے ساتھی بھی آپہنچتے ہیں۔ اِدھر اُدھر کی باتوں کے بعد حاجی کے نوکر کرم علی کا قضیہ پیش آتا ہے۔ یہ شخص حاجی کی بدسلوکی اور کنجوسی سے تنگ آیا ہوا ہے اور نوکری چھوڑنے پر آمادہ ہے۔ اور چونکہ اس سے پہلے ایک دفعہ بغیر پروانہ راہداری سفر کرنے کے پاداش میں سزا پاچکا ہے۔ اس لئے اس مجرمانہ سفر میں حاجی کی ہمراہی سے انکاری ہے۔ مگر حیدر بیگ وغیرہ دم دلاسا دے کر اسے ساتھ لے ہی لیتے ہیں ٭

مجلس سوم

قاچاقچی (حیدر بیگ وغیرہ) تبریز سے مال خرید کر گھوڑوں پر گٹھڑیاں لادے دریائے ارس کے اس کنارے پر جو ایران کی سرحد میں ہے آپہنچے ہیں۔ دریا ... ہے ... نمودار ہیں۔ آندھی ... چل رہی ... بیگ اور

اسکے ساتھی دریا سے پار اترنے کی تجویزیں کررہے ہیں۔ حیدر بیگ اور دوسرے آدمی حاجی کو اسباب کی حفاظت کے لئے چھوڑ کر ذرا اوپر چلے جاتے ہیں۔ وہاں جاکر شور کرتے ہیں۔ پولیس اور گشت کے سپاہی شور سن کر ادھر جاتے ہیں۔ اور ان کا رستہ صاف ہو جاتا ہے۔ حیدر بیگ وغیرہ جلدی ہی اس مقام پر جہاں حاجی کو چھوڑ گئے تھے۔ واپس چلے آتے ہیں۔ اور گھوڑوں کو دریا میں ڈال دیتے ہیں۔ حاجی کے گھوڑے کو ٹھوکر لگتی ہے۔ اور وہ پانی میں گر پڑتا ہے۔ اور پانی اُسے بہا کر لے جاتا ہے۔ آخر وہ ایک درخت سے چمٹ جاتا ہے۔ اور چلانا شروع کرتا ہے۔ اور اس کے ساتھی پھندا بنا کر رسہ پھینکتے ہیں۔ جو بدقسمتی سے اس کے گلے میں پھنس جاتا ہے۔ وہ اُسے کھینچتے ہیں۔ اور وہ گلا گھٹنے سے بہت تکلیف اٹھاتا ہے۔ آخر بڑی مشکلوں سے حاجی کی جان خلاص ہوتی ہے۔ اتنے میں گشت کرنے والے سپاہیوں کا ایک دستہ روند کرتا ہوا اُن سے دوچار ہوتا ہے۔ سپاہی ان کو مشتبہ سمجھ کر ان کا احاطہ کر لیتے ہیں۔ حیدر بیگ ان کو ڈرا دھمکا کر بھگا دیتا ہے۔ مقام خطر سے نکل کر حاجی ڈینگ مارنا اور شیخی جتانا شروع کر دیتا ہے۔ اسے دفعتہً یاد آتا ہے۔ کہ دوسرے دن جمعہ بازار لگنے والا ہے۔ اسکے سمت جس پر تازیانہ لگتا ہے۔ اور باوجود ساتھیوں کے روکنے اور منع کرنے کے اپنے نوکر کریم علی کو ساتھ لیکر ان سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔ اور بازار کے مقام کی طرف رُخ کرتا ہے۔

مجلس چہارم

حاجی اور کرم علی اپنے ساتھیوں سے علیحدہ ہوکر درے
خونا شہیں میں سے گذر رہے ہیں۔ دوسری طرف سے طوغ کے
دو کسان آپس میں باتیں کرتے آتے ہیں۔ وہ کٹائی کر کے واپس
آرہے ہیں۔ اور ان کے ہاتھوں میں درانتیاں ہیں۔ ان کی باتیں
معمولی فصل اور غلہ کے متعلق ہیں۔ حاجی قرۃ سے ان کی بھنک
پڑتی ہے۔ کرم علی گھبراتا ہے۔ مگر حاجی اوپرے دل سے تسلی
دے کر اشارہ کرتا ہے۔ کہ اسباب کو لیکر آگے بڑھے اور جب دیکھتا
ہے کہ وہ پہنچتے ہیں۔ تو ان کو آواز دے کر روکتا ہے۔ اور خوب ڈانٹ
ڈپٹ کر ان سے پوچھتا ہے۔ کہ تم کون ہو۔ اور اس وقت کیا کر رہے ہو
کسان اس طرح اچانک روکے جانے پر گھبرا جاتے ہیں۔ مگر حاجی
ان کو ڈانٹے ہی جاتا ہے۔ کبھی ان کو چور کہتا ہے۔ اور کبھی ڈاکو بتلاتا
ہے۔ اور ہتھیار ڈال دینے کا حکم دیتا ہے۔ وہ بیچارے بہتیرا اپنی
اصلیت و بے گناہی کا اظہار کرتے ہیں۔ مگر حاجی اپنی ہی ہانکے جاتا ہے

اسی حالت میں صوبیدار بمعہ تحصیل یوزباشی کے وہاں آ نکلتے ہیں
ان کو دیکھ کر کسان داد فریاد کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ حاجی بھی
چلانا شروع کرتا ہے۔ اور ان کو چور اور ڈاکو بنا بتا کر دیا و خوا
ہوتا ہے۔ صوبیدار فریقین کے بیان سے مشکوک ہو کر ان کو گرفتار
کر لیتا ہے۔ اور عدالت میں چالان کر دیتا ہے۔ عدالت کا نام
سن کر حاجی [illegible] ہوتا جاتا ہے۔ ہاں [illegible]

ہاتھ پاؤں مارتا ہے مگر سپاہی اس کی ایک نہیں سنتے۔ اور کشاں کشاں اس کو کچہری کی طرف لے ہی جاتے ہیں۔

مجلس پنجم

حاجی کے ساتھی اس سے علیحدہ ہو کر بجربیت شہر میں آ جاتے ہیں اور کپڑا بیچ دیتے ہیں۔ اس کے منافع کے روپیہ سے حیدر بیگ شادی کا انصرام کر کے صونا خانم کو اپنے خیمے میں لے آیا ہے۔ میاں بیوی میں راز و نیاز کی باتیں ہوتی ہیں۔ بیوی گذشتہ سفر کے حالات سن کر دلی جاتی ہے۔ اور اس قسم کے آئندہ سفر سے میاں کو روک رہی ہے۔ لیکن حیدر بیگ بعض مجبوریوں کا اظہار کر کے کم از کم ایک دفعہ اور جانے کی اجازت طلب کرتا ہے۔ مگر یہ اس کے متعلق ایک حرف بھی سننا نہیں چاہتی۔ دوران گفتگو میں حاجی کی بیوی بھی وہاں آ نکلتی ہے۔ اور حیدر بیگ سے اپنے شوہر کی گمشدگی اور عدم واپسی کی وجہ دریافت کرتی ہے۔ وہ اس کو تسلی دے کر ٹالنا چاہتا ہے۔ اسی وقت سوار او دیچا لنگ سواروں کا ایک دستہ لئے آ موجود ہوتے ہیں۔ اور بستی کا محاصرہ کر لیتے ہیں۔ یچالنگ حیدر بیگ کو بلا کر کہتا ہے۔ کہ دیکھو! تم نے باوجود میری فہمائش کے وہی سابقہ کام اختیار کر لئے ہیں۔ اور ان کے اس سیاسی کو وہ ...سپاہی سب یہی ہے۔ کہ تم اپنے جرم کا اقرار کر لو۔ اور اپنے ساتھیوں کا نام بھی بتا دو۔ حیدر بیگ تو انکار کرتا ہے۔ یچالنگ ... وہ ... وہی
[illegible]

ہے۔ حیدر بیگ پہچان جاتا ہے۔ مگر انچیان بن کر اس کا مذاق اڑانا شروع
کر دیتا ہے۔ جس پر حیدر بیگ اور ادہان میں کہن سن ہو جاتی ہے۔
سچالنگ ان کو ٹوک کر اصلی معاملہ کے متعلق دریافت کرتا ہے۔
ادہان اصل مجرم گرفتار نہ کر سکنے کی شرم کو مٹانے کے لئے چاہتا
ہے۔ کہ یہ الزام حیدر بیگ پر تھوپ دے۔ خصوصًا اس لئے کہ ایک
دن قبل ہی وہ حیدر بیگ کے ہاتھوں زک اٹھا کر ذلیل ہو چکا تھا۔
اس لئے کہتا ہے۔ کہ صاحب یہی ڈاکو تھا جس نے ہم پر جب ہم اکلیس
کے ارمنی لوگوں کو بچانے کیلئے پہنچے تھے) تلوار سونتی اور بندوق
چھتیائی تھی۔ یہ اکیلا نہ تھا۔ بلکہ اس کے ساتھ بیس اور ڈاکو تھے۔ ہم
صرف دس ڈاکو تھے۔ اور مقابلہ برابر کا نہ تھا۔ ورنہ ہم ان کو ضرور گرفتار
کر لیتے۔ حیدر بیگ بھی تجربہ کار چوروں کی طرح ادہان ہی کو ذلیل اور
جھوٹا ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ سچالنگ حیران ہو کر کہتا ہے
کہ تاتاری سب کے سب جھوٹے ہیں۔ کس کی بات کو تسلیم کیا جاوے
چنانچہ اسی قسم کا ایک اور مقدمہ اسوقت میرے پیش ہے۔ جس میں ایک
فریق تو دو ارمنی ہیں۔ اور دوسرا ایک مسلح تاتاری اور دونو اپنے فریق
مخالف کو چور اور ڈاکو بیان کرتے ہیں۔ حیدر بیگ اصلیت کو بھانپ
جاتا ہے۔ اور یہ تجویز پیش کرتا ہے۔ کہ اگر وہ دونو میرے سامنے لائے
جائیں۔ تو میں شاید اصلیت ظاہر کر سکوں۔ سچالنگ حاجی اور دونو
ارمنیوں کو سامنے منگواتا ہے۔ حیدر بیگ کہتا ہے۔ کہ فریقین میں
سے کوئی بھی چور اور ڈاکو نہیں۔ سچالنگ یہ سن کر بہت ہی جھنجلاتا ہے۔
اور حیدر بیگ کو سپرد کرنے کی دھمکی دیتا ہے۔ سچالنگ

حاجی سے دریافت کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو سلطنت کا ایک وفادار فرد قرار دیتا ہے۔ اس کا ثبوت یہ دیتا ہے۔ کہ میں ہر سال ٹیکس اور محصول کی صورت میں ایک معقول رقم خزانۂ شاہی میں داخل کرتا ہوں۔ بنچالنگ اس معقولیت کا مذاق اڑا کر کہتا ہے۔ کہ حکومت کو اس حسن خدمت کے صلہ میں تمغہ عطا کرنا چاہئیے۔ جسے حاجی سادہ لوحی سے سچ مان لیتا ہے۔ اور ہاں میں ہاں ملاتا ہے۔ اسی اثنا میں معلوم ہوتا ہے۔ کہ ارمنی سوداگروں پر ڈاکہ مارنے والے مال مسروقہ کے گرفتار ہو چکے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک سپاہی کے ذریعہ ایک تاجاچی (کرم علی) گرفتار ہو کر پیش ہوتا ہے۔ حاجی کو اس خیال سے کہ اب راز ظاہر ہو گیا۔ اور ممکن ہے۔ کہ مال ضبط ہو جائے غش آ جاتا ہے۔ بنچالنگ کی حیرت کی انتہا نہیں رہتی اور اس کا سبب دریافت کرتا ہے۔ آخر حیدر بیگ تمام حالات پوست کندہ بیان کر دیتا ہے۔ اور بنچالنگ صونا خانم کی گریہ زاری سے متاثر ہو کر اور ملزمین کے اس اقرار پر کہ وہ سب روسی فوج میں بھرتی ہو جاویں گے۔ سب کو ضمانت پر رہا کر دیتا ہے۔ اور اُن کو آئندہ کے لئے قانون کی پابندی کی نصیحت کرتا ہے۔ حاجی اس موقعہ پر بھی اپنی خست کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ سپاہیوں نے گرفتاری کے وقت کہیں تھوڑی سی رقم اس سے اڑا لی تھی۔ حاجی اس کا مطالبہ کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ اگر وہ مجھے نہ ملی۔ تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔

سیر و خصائل افراد مجالس

حیدر بیگ۔ صاحب ہمت اور با حوصلہ جوان ہے۔ چوری چکاری اور راہزنی کا شائق ہے۔ اور ان باتوں میں بہت مشاق۔ ملازمت کو عار سمجھتا ہے۔ اور تجارت حرفت اور زراعت کو خلاف بہادری و مردانگی جانتا ہے۔ یہ پیشے اس کی نظروں میں ذلیل اور ناکارہ ہیں۔ امن و امان کی زندگی اس کی جری طبیعت کے خلاف ہے۔ وہ ہر وقت لوٹ مار، دشمنی اور لڑائی جھگڑے کا خواہشمند ہے۔ ان باتوں کی وجہ سے علاقہ بھر میں مشہور ہے۔ حکام بھی اس بات کو جانتے ہیں۔ اور اس کی حرکات کے نگران ہیں۔ وہ بھی پولیس اور کاسکوں کی نقل و حرکت سے واقف ہے۔ ان سے بچنے کی سینکڑوں تدبیریں جانتا ہے۔ نڈر ہے۔ اور وقت پر حوصلہ نہیں ہارتا۔ اس کا دل جذبۂ عشق سے خالی نہیں۔ غریب ہے مگر غیور۔ عسرت و افلاس کی وجہ سے شادی نہیں کر سکتا۔ اپنی منسوبہ کو اغوا کر کے لے جانے کو بھی عار و ننگ سمجھتا ہے۔ عزت نفس کا محافظ ہے۔ طبیعت میں تمسخر اور دل لگی ہے اور قیافہ شناس اول درجے کا ہے۔

صفدر بیگ و عسکر بیگ۔ حیدر بیگ کے وفادار دوست ہیں۔ ان میں بھی حیدر بیگ کے سے اوصاف پائے جاتے ہیں۔ مگر کم۔ ضرورت کے وقت دوست کو ہر طرح مدد دینے کے لئے تیار ہیں۔

صونا خانم - سردار قبیلہ کی لڑکی ہے۔ خوبصورت اور نوجوان ہے۔
حیدر بیگ پر دل و جان سے فدا ہے۔ محبت میں اعتدال سے
بڑھ جاتی ہے۔ مگر عام طور پر مآل اندیش ہے۔ حیدر بیگ
کی حرکات راہزنی وغیرہ سے بہت خائف ہے۔ اور اسے
ارتکاب جرائم سے روکتی ہے۔ جیلد ساز بھی اوّل درجہ
کی ہے۔

حاجی قرہ - مرد خسیس ہی ہے۔ بہت مالدار ہے۔ مگر بخل اور
خست اس پر ختم ہے۔ بد طبعی۔ خوشامدی۔ طامع۔ خود غرض اور
سود خوار ہے۔ روپیہ کو ہر طرح سے جمع کرتا ہے۔ مگر خرچ
کرنے میں بہت بخیل اور خسیس ہے۔ اس کے متعلقین حتی کہ
بیوی بچے اس کی بدسلوکی سے بیزار اور نالاں ہیں۔ وقت
پر صرف باتوں سے آؤ بھگت کرنے والا ہے۔ مگر سو
گز ناپے۔ اور گز بھر نہ پھاڑے۔ سادہ لوح۔ چھوٹا۔ بات بات
پر قسمیں کھانے والا ڈرپوک اور بزدل ہے۔ مگر کمزوروں اور
نوکروں پر اپنی بہادری اور رشہ زوری کا سکہ بٹھانے میں مصروف
ہے۔ بیہودہ گو اور شیخی باز ہے۔ مگر درحقیقت نامردوں کے
آگے اور بھاگتوں کے پیچھے ہے۔

تنکدبان - حاجی کی بیوی بڑی طرار زبان دراز اور لڑاکی عورت ہے
حاجی کے بخل اور کنجوسی سے تنگ ہے۔ مگر اپنی زبان درازی
سے اس کا ناطقہ بند کر دیتی ہے۔ اس کی مفارقت بھی
گوارا نہیں کر سکتی۔ اس کی حرکات کی نگران اور مہر

بات پر ٹوکتی ہے مگر بے سود ۔

حداوردی۔ ذلیل الاوقات قلاش ذی مؤذن ہے ۔ خدا کے کلام کا بیچنے والا ہے ۔ قرآن مجید کی سورتیں پڑھ پڑھ کر قسم قلیل کے معاوضہ پران کا ثواب بیچتا پھرتا ہے ۔ مانگنے میں بہت اصرار کرتا ہے ۔

کرم علی۔ حاجی کا نوکر ہے ۔ یہ بھی اس کی کنجوسی کے ہاتھوں تنگ آکر میعاد ملازمت ختم ہونے پر ملازمت چھوڑنے کے لیے آمادہ ہے ۔ نہایت ڈرپوک مگر مطلب کا یار ہے مسخرہ بھی ہے ۔

اوہان۔ روسی پولیس کا رسمی داروغہ ہے ۔ بڑا ڈرپوک ۔ مگر چالباز ہے ۔ پولیس کے ہتھکنڈوں میں بہت ہوشیار ہے ۔ اصلی مجرموں کا سراغ نہ لگ سکنے پر جھوٹ موٹ دوسروں پر الزام لگا دیتا ہے ۔ جھوٹی شہادتیں دینے کا عادی ہے اپنی نیک چلنی کی سندات ہر وقت اپنے پاس رکھتا ہے ۔ اور وقت بے وقت اپنی حسن کارکردگی کے اظہار کو ضروری خیال کرتا ہے ۔

فقط

سرگذشت مرد خسیس

افرادِ اہلِ مجالس

حیدر بیگ }
صفر بیگ } بیگہائے آنجا
عسکر بیگ }
حاجی قرہ - سوداگر
بدل - پسر حاجی قرہ -
کرم علی - نوکر حاجی قرہ -
محمد اوردی - مؤذن -
اوسیان - یوز باشی قزاولان +
سرگئ -
قہرمان }
قراحیت } قزاولان +
و شش نفر دیگر }

ارائیل }
مکرفیچ } زارعین طوغ +
موورادو - حاکم
خلیل - یوز باشی کہ ہمراہ موورادو است
نچالنک } سائر محلہ موورادو
بیساول } ہستند -
صونا خانم - نامزد حیدر بیگ +
طیبہ خانم - مادر صونا خانم +
تکذبان - زن حاجی قرہ

مجلس اوّل

(واقع پیشاور در کنار راه جهد بیگ در زیر درخت بلوط حیدر بیگ
وصفر بیگ هر دو مکمل و مسلح چست و چابک در شب مهتابی از خانه
بیرون آمده در کنار او به صفر بیگ بسر سنگی نشسته - و حیدر بیگ بار و
بروی او بحالت غمگین حرف میزند)

حیدر بیگ - خدایا! این چه عصر است؟ این چه . باید زیست
مرد از قدر و قیمت افتاده - نه سواری لکاری میخورد - نه خبر اندازی
طالب دارد - نه جوانی را قیمتی مانده است - و نه بهادری
را عزتی با قیمت - مثل زنها بایست تمام روز از شام تا شام و از
شام تا بامداد میان آلاچیق محبوس باشی - آدم از کجا دیگر
زندگانی بکند - پول پیدا کند باید - دولت از دست بیاورد
روزهای گذشته دوره های پیش میان هر هفته یا ماهی یکدفعه
لا اقل آدم کاروانی را چاپیده - از دو سه زد - چپاو می
کرد. حالی به کاروان بیتوان یا پیاده نه از روسها دامان
توان کرد - نه جنگ تیز لباسی - نه دشمن عثمان لوئی. اگر بخواهی
نوکر هم بشوی بجنگ بروی - با بهرای لزگیها به لات و
لوت بروی - اگر به هزار زحمت بیکی را از سوراخ کوه ها در
بیاری - جز انبان کهنه و ... شکسته چیزی دیگر بدست
نخواهد افتاد - کو دعوای ترکمانی و عثمانی؟ که همه فسادها

را با طلاء و نقره پر کنند۔

الحال، هم خیلے خانها هست، که از چپا و اصلاند و زنان مے
خورند - اولاد اصلان بیگ باز دیروز در بازار آغچه بار بیع
برانهاے نقرۂ که پدرشان از عثمانلو آلجه کرده بود، مے
فروختند - بازیک هیچ دعوے اتفاق بیفتد - پیش از همه
چلو وستته وا ایستم - هنرے نمایان کنم - که رستم دستان هم نه
کرده باشد - کار من این است - نه اینکه پنچالنگ مرا صدا کرده
است - مے گوید "حیدر بیگ! راحت بنشین - دلگی کن - راه زن
درزی برو" پشیمانم کرد - که گفتم "بلے پنچالنگ! ما هم این کارها
را خب نیستم - ولے به شما لازم است که امثال ما مردان
نجیب را بالقمهٔ نانے راه نمائی بفرمائید - کار و شغلے بدهید که
نان و آشے داشته باشد" گوش کن! به بین! چه جواب داد
"کن - "حیدر بیگ! زراعت کن - باغ بکار - داد و ستد بده -
خرید و فروخت کن" گویا که من بانا زور ارمنی هستم که هر روز تا
شب هیش براندم - یا اهل لنبرانم که هم پیله نگاه بدارم - و یا
لکم پیله ورسی بروم - عرض کردم "پنچالنگ! هیچ وقت از
جوان شیر بزرگری و بازرگانی دیده نشده - پدر من قربان بیگ
(خدا رحمتش کند) این کارها نکرده است - من هم که پسر او
هستم هرگز ازین کارها نخواهم کرد" اخمش دار بخت روشن را
گرداند و اسپش را هے کرد و رفت۔

صفر بیگ - این حرفها فایده ندارد - آدم که گوشت دزدی

نخورد، اسب سوار نشود. از زندگانیٔ خود چه لذت می
برد؟ وو در روی دنیا برای چه راه می رود؟ شب گذشت
عسکربیگ نیامد؟ نمی دانم برای چه دیر کرده است؟
ها! آنست. آمد.

(دراین حال عسکربیگ می رسد.)

عسکربیگ. حیدربیگ! من هم حاضرم. صبر و بید؟ بسم الله
راه بیفتید. پس چرا انگیبینی؟ هیچ فکری بنظر می آئی؟

حیدربیگ. والله! نمیدانم کدام دهن لق حرف مفت
زن مرا به پنچالنگ نشان داده است. آمده بود میان ملوک
گردش کند. امروز از کنار او به ما میگذشت. مرا صدا کرده
می گوید "حیدربیگ! دزدی نرو. راه زنی نکن."

صفربیگ. بهاء یعنی از گشنگی بمیر!

حیدربیگ. البته هیچ می گوید. دیگر گویا که در همه قراباغ
همه این دزدیها را حیدربیگ می کند. اگر او از دزدی دست
بردارد - ولایت آسوده خواهد شد. دزدی هم برای ما
دشخوار شده است. حالا هم معطل و فکری مانده ام. اگر برویم
دختره را برداریم بیاریم - می ترسیم پدر و مادرش شکایت کنند باز
باید فراری بشویم.

عسکربیگ. حیدربیگ! همه قراباغ می داند - دختره را
پدر و مادرش بتو داده است - نمی فهمم چه باعث شده است
که باید پنهانی برداری بیاری.

حیدر بیگ - چه باعث خواهد شد؟ پول ندارم خرجش را
بکشم - عروسی بکنم - برادرم بیاورم لابد شده ام - باعثش بی پولی
است - دیگر برای این صفر بیگ مصلحت هیچ دید که بردارم بیارم
خرج عروسی از گردنم بیفتد ؛ اما این عمل برای من بدتر از مرگ است
که بگویند پسر قربان بیگ پول پیدا نکرد - عروسی کند -
نامزدش را برداشت - گریخت - گریزانده - چون صفر بیگ گفت
روز فرست اینها را بهانه در می آوری (به جهت آن غیظ کرده) بگردنم
وارد آورده است - پیش شما فرستادم که تو هم بمن همراهی بکنی ؛
صفر بیگ - من چه میگویم؟ خودت پیش من آه و داد کردی
که دو سال است نمی توانی عروسی بکنی - نامزدت را بیاوری -
گفتم - میخواهی من هم بیایم برویم برداریم بیاریم خودت بدان!
از برای من چه تفاوت می کند؟
عسکر بیگ - حیدر بیگ! از این نیت بیفت - پانزده روز
به من مهلت بده - من خرج عروسی ترا پیدا می کنم - موافق قاعده
عروسی بکن - نامزدت را بیار ؛
حیدر بیگ - از کجا پیدا می کنی ؛
عسکر بیگ - (یکایک) تا پانزده روز به تبریز می رویم -
بر میگردیم - مال فرنگ می آوریم - منفعت می کند - می
فروشیم - از منفعت او عروسیت را بکن ؛
حیدر بیگ - خوب آوازه می خوانی - اما صدایت می گیرد
در تبریز مال منفعت ریخته اند؟ ما برویم جمع کنیم برداریم بیاریم ؛

عسکر بیگ - البته. آن صنعت کجا بود؟ باید پول داد خرید.
حیدر بیگ - عجب حرف میزنی - ماشاءالله من پول ندارم کجا بیاورم؟
عسکر بیگ - مگر من از خودم پول دارم؟ حرف شنیدنی این است. حاجی قره آغاجی یک سوداگر پولدار است از او بگیریم ببریم مال بیاریم. بفروشیم. پول او را رد میکنیم نفعش از برای ما باشد.
حیدر بیگ - میگویند حاجی قره خیلی مرد خسیس است. به کسی پول نمی دهد.
عسکر بیگ - هر قدر خسیس است و آن قدر هم طمع کار است. تطمیع میکنیم با خود مال شرکت کند. به جای شراکت که همراه ما بیاید، با هم پول میدهد. من درست میکنم.
حیدر بیگ - خوب! اگر تو خاطر جمع داری. من رفتم اما باید دختره را ببینم. حالیش کنم. قول داده ام. امشب باید به سراغش بروم.
عسکر بیگ و صفر بیگ - بسیار خوب! بسیار خوب!! خیلی خوب شد!!!
حیدر بیگ - پس شما بروید من خودم می آیم. شما را پیدا میکنم. با همدیگر میرویم پیش حاجی قره.
عسکر بیگ و صفر بیگ - خدا حافظ شما! ما رفتیم دیگر اما زود بیا (میروند) ...

تبدیل مجلس

(دریں حال مجلس تبدیل یافته - از دور آلاچیقی نمایان می‌شود به مسافت ده قدم دور از آلاچیق نشسته با صونا خانم بوضع قشنگ لباس سفر پوشیده چادر شب ابریشمی در سر کرده گاهی نشسته گاهی ایستاده از پناه بوته‌ها این سو آن سو نگران و چشم براه است) *

